1

# کون حقدار ہے؟


## یونان میں تمام بچوں کو امتیاز کے بغیر سکول کی تعلیم میں رسائی کا حق ہے۔




سکول میں بچوں کے داخلے کیلئے واحد شرط حفاظتی ٹیکے لگوانا ہے ،جو کہ وزارت صحت کی ذمہ داری کے تحت ہے۔

وزارت کا پروگرام 4-15 سال کے بچوں کے لئے تعلیم تک رسائی فراہم کرنے پر مرکوز ہے،جن کی عمر لازمی سکول کی تعلیم- نرسری سے مڈل تک کی ہے۔یونانی تعلیمی نظام میں تمام پناہ گزین بچوں کی میزبانی کرنے کے لئے ذیل میں دو اختیارات ہیں ۔

### شہری مراکز میں رہنے والے بچے:



#### 4 سے 5 سال تک کی عمر کے بچے

سرکاری نرسری سکولوں میں داخلہ ممکن ہو گا


#### 6 سے 15 سال تک کی عمر کے بچے

شہری مراکز میں رہنے والے بچوں کو اپنے رہائشی علاقے کے نزدیکی سکولوں میں شرکت کرنی ہو گی اور صبح کی کلاسوں میں داخل ہوں ۔ اس وقت وزارت کی طرف سے سکولوں کی نشاندہی کی جارہی ہے تاکہ منتخب شدہ سکولوں میں بچوں کی تقسیم متوازن ہو ۔ وزارت پناہ گزین اور تارکین وطن بچوں کیلئے صبح کی استقبالیہ کلاسوں میں رسائی کا انتظام بھی کر تی ہے، جہاں یونانی زبان دوسری زبان کے طور پر پڑھائی جاتی ہے ۔

#### 16-18 سال کی عمر کے بچے**

اگر چہ تعلیم لازمی نہیں ہے،وزارت نے منتخب شدہ کالجوں یا پیشہ ورانہ کالجوں (ΕΠΑΛ) میں استقبالیہ کلاسوں کا انتظام کیا ہے، جہاں یونانی زبان دوسری زبان کے طور پرپڑھائی جاتی ہے۔

### عارضی میزبانی کی کھلی عمارات میں رہنے والے بچے



#### 4 سے 5 سال تک کی عمر کے بچے *

عارضی میزبانی کی کھلی عمارات کے اندر بنائے جانے والے نرسری سکولو ں میں شرکت کے حقدار ہوں گے ۔

#### 6 سے 15 سال تک کی عمر کے بچے *

پناہ گزینوں کے تعلیمی رابطہ کار والدین کو مطلع کریں گے اگر اُن کے بچے،1۔ صبح کے سکولوں میں شرکت کریں گے یا،2۔ پناہ گزینوں کی تعلیمی استقبالیہ عمارات (ΔΥΕΠ)میں سہ پہر میں داخل ہوں گے، جوکہ وزارت کی طرف سے متعین ہمسایہ سرکاری سکولوں میں-14:00 18:00 بجے چلیں گے۔ وہاں ان کو یونانی زبان دوسری زبان کے طور پر،انگریزی زبان،ریاضی، کھیلیں ،آرٹس اور کمپیوٹرز پڑھائے جائیں گے۔

تارکین وطن کی بین الاقوامی تنظیم (آئی۔او۔ایم) پناہ گزین بچوں کی عارضی میزبانی کی کھلی عمارات سے منتخب شدہ سکولوں میں بسوں کے ذریعے ،جن میں آئی۔او۔ایم کے نگہبان موجود ہوں گے، منتقلی کو یقینی بنائے گی۔

* یونانی سکول کے نظام اور نئے وزارتی فیصلے کے مطابق
** یونانی سکول کے نظام اور نئے وزارتی فیصلے کے مطابق

CHILDREN 4-5 years old

CHILDREN 6-18 years old

2

# تفصیلی پروگرام کی منصوبہ بندی کون کرتا ہے؟

وزارت تعلیم، تحقیق اور مذہبی امور کو باقاعدہ تعلیمی پروگراموں کی منصوبہ بندی اور نافذ کرنے کا خصوصی دائرہ اختیار ہے۔

اقوام متحدہ کی تنظیمیں ،دیگر بین القوامی تنظیمیں ،اور اس کے ساتھ ساتھ غیر سرکاری تنظیمیں وزارت تعلیم کی طرف سے ضروری تصدیق کے ساتھ بچوں کے لئے غیر رسمی تعلیم کے پروگراموں اور مادری زبان کے اسباق کو نافذ کرنے کے قابل ہو جائیں گی۔لازمی سکول کی عمر کے بچوں کے لئے یہ تعلیمی منصوبے صرف ان دنوں اور اوقات کیلئے منظم کیے جاسکتے ہیں جو رسمی تعلیمی پروگرام کے ساتھ مطابقت نہیں رکھتے۔

3

# داخلے کا کیا طریقہ کار ہے؟

### شہری مراکز میں رہنے والے بچوں کیلئے

والدین نے اپنے بچوں کو اپنی رہائش گاہ کے علاقے کے قریبی سکولوں میں داخل کرانا ہو گا۔

ضروری دستاویزات میں طالبعلم کا بین الاقوامی تحفظ کے درخواست گذار کا کارڈ،حفاظتی ٹیکوں کا کتابچہ اور طالب علم کا انفرادی صحت کارڈ (ΑΔΥΜ) علاوہ ازیں آبائی ملک سے تعلیمی سرٹیفکیٹ(اگر دستیاب ہیں )۔

عام طور پر رہائش گاہ کی تصدیق ضروری ہے ،جیسا کہ مثال کے طور پر، رہائش گاہ کا پتہ،اگر شخص ایک منظم میزبانی کی عمارت میں رہائش پذیر ہے یا معاہدہ/کرائے والے کمرے/ رہائش گاہ کی رسید ۔

پناہ گزینوں کی صورت میں ، پناہ کے درخواست گذاروں اور دیگر بے گھر افراد کی ناکافی دستاویزات قبول کی جائیں گی۔ سکولوں کے پرنسپل اس کیفیت سے آگاہ ہیں اور وہ ضروری مدد اور حمایت فراہم کریں گے۔

### عارضی میزبانی کی کھلی عمارات میں رہنے والے بچوں کیلئے

پناہ گزینوں کے تعلیمی رابطہ کار ہر میزبانی مرکز میں والدین کو اُن کے بچوں کے شرکت والے سکول کے متعلق مطلع کریں گے،علاوہ ازیں اُن کو میزبانی مرکزسے اورکی طرف منتقلی کے متعلق تفصیلات بھی مہیا کریں گے۔

پناہ گزینوں کے تعلیمی رابطہ کار بین الاقوامی تنظیم (آئی۔او۔ایم) کی جانب سے منتخب شدہ نگہبانوں کیساتھ مہیا کی جانے بسوں میں بچوں کی منتقلی کیلئے والدین کی تحریری رضامندی کی درخواست کریں گے۔

پناہ گزینوں کے تعلیمی رابطہ کار تمام بچوں کیلئے میزبانی مرکز میں ہر ذمہ دار مرد/عورت سے داخلے کیلئے تمام لازمی دستاویزات اکٹھی کریں گے (مثلاً۔ پناہ کا کارڈ،صحت کا کتابچہ،آبائی ملک سے تعلیمی سرٹیفکیٹ، منتقلی کیلئے رضامندی ، وغیرہ)۔

پناہ گزینوں کے تعلیمی رابطہ کار درج بالا تمام دستاویزات ہر سکول میں بچوں کے داخلے کے لیے ذمہ دار عملے کے حوالے کریں گے۔

# یونان میں سرکاری سکولوں میں رسائی پناہ گزینوں کو یونان میں رہنے کا پابند نہیں کرتی ۔

پناہ گزین بچوں کی تعلیم دستیاب اور لازمی ہے جتنے عرصے کیلئے وہ یونان میں موجود ہیں اور اُن کیلئے مفید ہے، کیونکہ اُن کو استحکام اور باقاعدگی فراہم کرتی ہے۔مزید برآں، یونان سے روانگی کے وقت ان کو پیروی کرنے کا سرٹیفکیٹ فراہم کیا جائے گا۔

وزارت تعلیم ناکافی شرائط کی صورت میں بھی پناہ گزین بچوں کو سکولوں میں داخلے میں آسانی دیتی ہے۔جن والدین کے پاس تمام متعلقہ شرائط نہیں ہیں، اس کے باوجود وہ اپنے بچوں کو سکول میں داخل کرائیں اور وزارت تعلیم کی طرف سے ان کی کوششوں میں اُن کی حمایت کی جائے گی۔

جن سکولوں میں صبح کے اوقات میں استقبالیہ کلاسیں چلتی ہیں اُن میں تمام پناہ گزین بچوں کو ڈالنے کیلئے ،والدین سکولوں کےپرنسپلوں سے رجوع کر سکتے ہیں



## بچے کب تعلیم تک رسائی حاصل کر سکیں گے؟

صبح کے سکول پہلے سے ہی شروع ہو چکے ہیں، جبکہ اس کے ساتھ ساتھ سہ پہر کی استقبالیہ کلاسوں میں داخلہ کھلی عارضی میزبانی عمارات میں شروع ہو رہا ہے۔

براہ مہربانی مزید معلومات کے لئے، مندرجہ ذیل لنک ملاحظہ کریں :
http://www.minedu.gov.gr/ekpaideusi/refug-educ
اور مندرجہ ذیل ای میل ایڈریس پر رابطہ کریں:
info-refugee-education@minedu.gov.gr

میزبانی عمارات میں کام کرنے والے عملے کے اگر سوالات ہیں یا اس کو والدین اور پناہ گزین بچوں کیساتھ رابطےمیں مزید حمایت کی ضرورت ہے تو وہ مندرجہ ذیل لنک پر یونانی ورکنگ گروپ برائے تعلیم سے رابطہ کرسکتا ہے : eswg.greece@gmail.com

آپ کے تعاون کے لئے آپ کا بہت شکریہ!

دسمبر 2017

یورپی کمیشن اور UNICEF کے تعاون کے ساتھ

ΕΛΛΗΝΙΚΗ ΔΗΜΟΚΡΑΤΙΑ
Υπουργείο Παιδείας
Έρευνας και Θρησκευμάτων

Picture Credit: © UNICEF

# تعلیم تک رسائی

## میزبانی کی عمارات کے عملے اور پناہ گزین والدین کیلئے معلومات

